11.03.2026

13.50 Hrs

HL-OPENNING

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں .... نتیکا تیاگی

Music

☆ وزیر اعظم نریندر مودی نے ماہی گیروں کی بہبود کے تئیں NDA سرکار کے عہد کو دوہرایا ہے۔

☆ وزیر اعظم، آج کیرالم اور تمل ناڈو میں 16 ہزار کروڑ روپے سے زیادہ مالیت کے کئی ترقیاتی پروجیکٹوں کا آغاز کررہے ہیں۔

☆ پہلی مرتبہ سپریم کورٹ نے ایک ایسے شخص کیلئے Passive Euthanasia یعنی موت کے قریب جانے کی اجازت دے دی ہے، جو پچھلے 12 سال سے زیادہ عرصے سے بے ہوشی کی حالت میں ہے۔

☆ چھتیس گڑھ کابینہ نے مذہب بدلنے کے سلسلے کی روک تھام کیلئے مذہب کی آزادی کے بل 2026 کو منظوری دے دی ہے۔

☆ چھتیس گڑھ کے 6 ضلعوں میں 108 نکسلیوں نے خود سپردگی کی ہے۔

☆ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے بھارت کی ریلائنس انڈسٹریز کی سرمایہ کاری کے ساتھ 50 سال میں پہلی تیل ریفائنری کا اعلان کیا ہے۔

☆ اور تیر اندازی میں بھارت، 22 سال میں پہلی مرتبہ اگلے سال دلّی میں ایشیا کپ کی میزبانی کرے گا۔

Music

اب خبریں تفصیل سے............

PM VISIT

وزیر اعظم نریندر مودی نے آج کیرالم میں کوچی میں آکھل کیرالہ Dheevara Sabha کے گولڈن جوبلی سمیلن میں شرکت کی۔ اِس موقع پر موجود لوگوں سے خطاب کرتے ہوئے جناب مودی نے کہا کہ گزشتہ 50 سال میں مذکورہ تنظیم

نے ماہی گیروں کی بہبود اور اُن کے حقوق کے تحفظ کی سمت لگاتار کام کیا ہے۔ جناب مودی نے سبھی ماہی گیروں اور Dheevara Sabha کے ارکان کو مبارکباد دی۔ وزیر اعظم نے ماہی گیروں کی بہبود کو بڑھاوا دینے کے NDA سرکار کے عہد کو دوہرایا۔ جناب مودی، اب سے کُچھ دیر بعد سوا دو بجے کے آس پاس کوچی میں دس ہزار 800 کروڑ روپے مالیت کے کئی ترقیاتی پروجیکٹوں کو ملک کے نام وقف کریں گے، افتتاح کریں گے اور نئے پروجیکٹوں کا سنگِ بنیاد رکھیں گے۔

وزیر اعظم نریندر مودی، آج شام تمل ناڈو میں Thiruchirapalli جائیں گے اور تقریباً پانچ ہزار 650 کروڑ روپے مالیت کے مختلف پروجیکٹوں کا افتتاح کریں گے اور نئے پروجیکٹوں کا سنگِ بنیاد رکھیں گے۔ بعد میں وہ NDA کے زیرِ اہتمام ایک ریلی سے خطاب کریں گے۔ وہ کیرالم سے تمل ناڈو کے دورے پر جائیں گے اور 5 نئی ٹرین خدمات کو جھنڈی دکھا کر روانہ کریں گے۔×

PREZ-JAL SHAKTI

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے زور دے کر کہا ہے کہ پانی کی بچت کرنا ہر شہری کا فرض ہے۔ انہوں نے لوگوں سے زور دے کر کہا کہ وہ پانی کو ایک بیش قیمت خزانہ سمجھیں، جسے آنے والی نسلوں کیلئے محفوظ رکھا جانا چاہئے۔ صدر جمہوریہ نے آج نئی دلّی میں جل مہوتسو 2026 تقریب سے خطاب کرتے ہوئے یہ بات کہی۔ انہوں نے سبھی لوگوں پر زور دیا کہ وہ ایک پائیدار مستقبل کی خاطر پانی کی بچت کو طرز زندگی کا حصہ بنائیں۔

SB - Droupadi Murmu

صدر جمہوریہ نے کہا کہ نل جل متر پروگرام کے تحت دیہی علاقوں کے نوجوانوں اور Self-Help گروپوں سے تعلق رکھنے والی خواتین کو تربیت دی جارہی ہے، تاکہ وہ اِس عمل اور پانی کی سپلائی کے نظام کے رکھ رکھاؤ میں سرگرم ساجھیدار بن سکیں۔ صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے اِس بات کو اجاگر کیا کہ اِس پہل سے پانی کی بچت کے ساتھ ساتھ دیہی علاقوں میں روزگار کے مواقع بھی پیدا ہورہے ہیں۔

SB - Droupadi Murmu

اِس تقریب میں جل شکتی محکمے کے مرکزی وزیر سی آر پاٹل نیز وزراء مملکت وی Somanna اور راج بھوشن چودھری بھی موجود تھے۔×

LS-VAISHNAW

الیکٹرانکس اور IT محکمے کے وزیر اشونی ویشنو نے کہا ہے کہ بھارت میں انٹرنیٹ خدمات دنیا میں سب سے کم خرچ ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ملک میں انٹرنیٹ شرحیں دو اعشاریہ پانچ نو ڈالر فی GB کی عالمی اوسط سے تقریباً 25 گنا کم ہیں۔

آج لوک سبھا میں سوالوں کے وقفے کے دوران، ضمنی سوالوں کا جواب دیتے ہوئے جناب ویشنو نے کہا کہ گزشتہ دہائی کے دوران، وزیر اعظم نریندر مودی نے ڈیجیٹل انڈیا پہل کے ذریعے ڈیجیٹل شمولیت سے متعلق تین اہم محاذوں پر کام کیا ہے۔ اِن میں انٹرنیٹ رسائی کو وسعت دینا، انٹرنیٹ خدمات کو کم خرچ بنانا اور مضبوط ڈیجیٹل عوامی بنیادی ڈھانچہ تیار کرنا شامل ہیں۔ جناب ویشنو نے کہا کہ سال 2014 میں بھارت میں صرف 25 کروڑ لوگوں کو ہی انٹرنیٹ کنکٹی وٹی دستیاب تھی، لیکن آج لگ بھگ 103 کروڑ افراد اِس کا استعمال کررہے ہیں۔

SB - Ashwini Vaishnaw

MEA-CHILE

امورِ خارجہ کے وزیر مملکت کیرتی وردھن سنگھ نے چلی کے صدر کی حلف برداری کی تقریب سے قبل، چلی کے منتخب صدر Jose Antonio Kast Rist سے ملاقات کی۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر وزیر موصوف نے بتایا کہ انہوں نے مختلف شعبوں میں باہمی تعلقات کو مزید وسعت دینے کی خاطر چلی کی نئی سرکار کے ساتھ قریبی اشتراک سے مل کر کام کرنے کے بھارت کے عہد کو دوہرایا۔ اِن شعبوں میں تجارت، سرمایہ کاری، اہم معدنیات، ماحولیات کیلئے سازگار توانائی اور اختراع شامل ہیں۔جناب کیرتی وردھن سنگھ نے صدر جمہوریہ دروپدی مرمو اور وزیر اعظم نریندر مودی کی طرف سے مبارکباد کے پیغامات بھی ارسال کیے اور کہا کہ بھارت، چلی کے ساتھ باہمی تعلقات میں ایک نئے دور کا متمنی ہے۔×

PUDUCHERRY POLLS REVIEW

انتخابی کمیشن کے خصوصی مشاہد پرتاپ سنگھ نے پدوچیری اسمبلی انتخابات کے سلسلے میں انفورسمنٹ ایجنسیوں کی تیاری کا جائزہ لیا۔ سکریٹریٹ میں منعقدہ جائزہ میٹنگ میں پدوچیری کے اعلیٰ انتخابی افسر، ریاستی پولیس کے رابطہ افسر، نائب اعلیٰ چناؤ افسر نیز پولیس محکمے اور دیگر انفورسمنٹ ایجنسیوں کے رابطہ افسروں نے شرکت کی۔ خصوصی مشاہد نے لگاتار چوکسی برتنے کی ضرورت پر زور دیا اور سبھی ایجنسیوں کو یہ ہدایت دی کہ وہ ممکنہ چناؤ خلاف ورزیوں کے تعلق سے کسی بھی طرح کی جانکاری پر فوری کارروائی کریں اور مستعد رہیں۔×

SC-EUTHANASIA

سپریم کورٹ نے Passive Euthanasia کی اجازت دینے سے متعلق اپنے اولین حکم میں ایک 32 سالہ شخص کا Artificial Life Support نظام ہٹائے جانے کی منظوری دے دی ہے، جو پچھلے 12 سال سے زیادہ عرصے سے بے ہوشی کی حالت میں ہے۔ Passive Euthanasia کسی مریض کا Life Support نظام روک کر یا ہٹا کر اُسے ارادی

طور پر موت کے قریب پہنچانے کا عمل ہے۔

اِس واقعے میں غازی آباد کے باشندے ہریش رانا کے 2013 میں عمارت کی چوتھی منزل سے گرنے کے بعد اُن کے سر میں شدید زخم آئے تھے اور وہ گزشتہ ایک دہائی سے زیادہ عرصے سے Coma کی حالت میں تھے۔ جسٹس جے بی Pardiwala اور جسٹس کے وی وشواناتھن پر مشتمل بینچ نے ایمس دِلّی کو ہدایت دی ہے کہ مریض کے طبی علاج معالجے کو اِس انداز سے واپس لیا جائے کہ مریض کی عظمت اور وقار برقرار رہے۔×

CHHATTISGARH-CABINET

چھتیس گڑھ حکومت نے مذہب کی آزادی کے بل 2026 کے مسودے کو منظوری دے دی ہے۔ کل رائے پور میں وزیرِاعلیٰ وِشنو دیو سائی کے زیرِ صدارت منعقدہ ایک کابینی میٹنگ میں یہ فیصلہ کیا گیا۔ اس مجوزہ قانون کا مقصد جبراً، بہلا پھسلاکر، دھوکہ دہی سے، غیر مناسب اثر یا غلط اظہار کے وسیلے سے تبدیلیِ مذہب پر مؤثر طریقے سے روک لگانا ہے۔ یہ بل چھتیس گڑھ قانون ساز اسمبلی کے جاری بجٹ اجلاس کے دوران پیش کیا جائے گا۔×

MAHA-NAXALITES

امورِ داخلہ کی وزارت نے مطلع کیا ہے کہ چھتیس گڑھ کے چھ ضلعوں میں 108 نکسلیوں نے خود سپردگی کی ہے۔ اِن ضلعوں میں بیجاپور، دانتے واڑہ، سُکما، بستر، نارائن پور اور Kanker شامل ہیں۔ وزارت نے بتایا ہے کہ اِن نکسلیوں پر تین کروڑ 95 لاکھ روپے کے انعام کا اعلان کیا گیا تھا۔ اِس سے قبل، وزیرِ داخلہ امت شاہ نے یہ بات دوہرائی تھی کہ اِس مہینے کے آخری تک ملک سے نکسلیوں کی سرگرمیوں کا خاتمہ ہوجائے گا۔×

TRUMP RELIANCE

امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے اعلان کیا ہے کہ امریکہ کو ریلائنس انڈسٹریز کی سرمایہ کاری کے ساتھ گزشتہ 50 سال میں اپنی پہلی تیل ریفائنری مل جائے گی۔ صدر ٹرمپ نے کہا کہ Texas میں قائم ہونے والی نئی ریفائنری سے امریکی مارکیٹ میں تیزی آئے گی، قومی سکیورٹی مستحکم ہوگی، امریکہ میں توانائی کی پیداوار کو بڑھاوا ملے گا اور روزگار کے ہزاروں مواقع پیدا ہوں گے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر صدر ٹرمپ نے اِسے 300 ارب ڈالر کا تاریخی سمجھوتہ قرار دیا اور کہا کہ یہ امریکہ کی تاریخ میں سب سے بڑا معاہدہ ہے اور یہ امریکی کارکنوں، توانائی اور جنوبی Texas کے لوگوں کی ایک بڑی کامیابی ہے۔ البتہ ریلائنس انڈسٹریز کی طرف سے ابھی تک کوئی باضابطہ تبصرہ سامنے نہیں آیا ہے۔×

INDIA ARCHERY

بھارت گزشتہ 22 سال میں پہلی مرتبہ ایک بڑے بین الاقوامی تیر اندازی مقابلے کی میزبانی کرے گا۔ اِس کے تحت اگلے سال دلّی میں ایشیا کپ تیر اندازی چیمپئن شپ کا دوسرا مرحلہ ہوگا۔ اِس سے قبل، 2005 میں دلّی میں ایشیائی تیر اندازی چیمپئن شپ ہوئی تھی۔×

WEST ASIA CONFLICT

_مغربی ایشیا میں لڑائی میں اور تیزی آ گئی ہے۔ امریکہ کی مرکزی کمان نے کہا ہے کہ امریکی بحریہ کی فورسز نے ایران کے اُن 16 بحری جہازوں کو تباہ کردیا ہے، جن کے بارے میں یہ کہا جاتا ہے کہ وہ آبنائے ہرمز کے نزدیک بارودی سرنگیں لگانے میں ملوث تھے۔ امریکی حکام کے مطابق، اِس طرح کی خفیہ جانکاری ملی تھی کہ ایران بارودی سرنگیں لگانے کی تیاری کررہا ہے، جس سے اِس اہم آبی گزرگاہ سے جانے والی تیل کی عالمی کھیپ کو خطرہ لاحق ہوسکتا ہے۔

امریکہ اور اسرائیل کی فورسز نے دعویٰ کیا ہے کہ انہوں نے لڑائی شروع ہونے کے بعد سے پانچ ہزار سے زیادہ ٹھکانوں کو نشانہ بنایا ہے اور ایران کی میزائل لانچ کرنے کی صلاحیت کافی کمزور ہوگئی ہے، حالانکہ ایران نے اِن اعداد و شمار کی تصدیق نہیں کی ہے۔ ایران، بمباری کے باوجود لگاتار جوابی میزائل اور ڈرون حملے کررہا ہے۔ قطر میں دوحہ سے دھماکے ہونے کی اطلاع ملی ہے، جبکہ کویت کے حکام نے کہا ہے کہ اُن کے فضائی دفاعی نظام نے نیشنل گارڈ سکیورٹی زون کے اوپر 8 ڈرونز کو بیچ میں ہی مار گرایا۔×

SRI LANKA-IRAN BODIES

سری لنکا کی ایک عدالت نے حکام کو ہدایت دی ہے کہ وہ ملک کے جنوبی ساحل پر ایرانی بحری جنگی جہاز IRIS Dena کے ڈوبنے کے بعد، اس سے نکالے گئے 84 ایرانی ملاحوں کے جسدخاکی کو ایرانی حکام کے حوالے کردیں۔ Galle پولیس کی طرف سے درخواست کے بعد Galle کے چیف مجسٹریٹ نے اسپتال کے ڈائریکٹر کو حکم دیا کہ وہ اِن ملاحوں کے جسد خاکی کو ایرانی سفارتخانے کے حکام کے حوالے کریں۔

اس سے قبل ایران نے کہا کہ اس واقعے میں ہلاک ہونے والے ملاحوں کی لاشوں کو جلد ہی ملک لایا جائے گا۔ Fars نیوز ایجنسی کے ذریعہ رپورٹ کئے گئے ایک بیان کے مطابق ایرانی فوج نے بتایا کہ 104 میں سے 84 لاشوں کی شناخت کی جاچکی ہے اور انہیں جلد ہی ایران کی وزارت خارجہ کی مدد اور سری لنکا کی حکومت کے تعاون سے وطن لایا جائے گا۔×

J&K-PORTAL

جموں و کشمیر میں سرکار نے تعمیرات سے متعلق مشترکہ ذیلی قوانین 2021 میں ترامیم کو نوٹیفائی کردیا ہے اور کاروبار کرنے میں سہولت کو بڑھاوا دینے کی خاطر آٹو Scrutiny پورٹل کا آغاز کیا ہے۔ مذکورہ اصلاحات کے تحت زمین کے استعمال کے ضابطوں کو سہل بنایا گیا ہے، صنعتی زونز میں کم خرچ گروپ ہاؤسنگ کی اجازت دی گئی ہے اور نقصانات سے متعلق ضابطوں نیز FAR ضابطوں کو معقول بنایا گیا ہے۔ یہ نیا پورٹل Auto-DCR ٹیکنالوجی سے آراستہ ہے۔ اِس کے ذریعے تعمیرات کی اجازت کے عمل کو پوری طرح ڈیجیٹل اور مقررہ وقت کے اندر پورا کرنے والا بنایا گیا ہے، زمین کے استعمال میں تبدیلی کو مربوط کیا گیا ہے اور کم جوکھم والی عمارتوں کیلئے Self-Certification کی اجازت دی گئی ہے۔×

MINISTRY OF HEALTH PUBLIC COMMENTS

صحت اور خاندانی بہبود کی وزارت نے انسانی خون سے الگ کئے گئے مادوں کی جانچ سے متعلق ڈرگز رولز 1945 کے تحت شیڈیول F کے پیرا-4 میں ترمیم سے متعلق تجویز پر عوامی تبصرے طلب کئے ہیں۔

وزارت نے بتایا کہ اس ترمیم کا مقصد بھارت کے ضابطہ جاتی فریم ورک کو بین الاقوامی طور پر تسلیم شدہ ادویہ کی فہرست کے معیارات کے مطابق بنانا ہے۔ اس نے یہ بھی کہا کہ بھارتی، برطانوی، امریکی اور یوروپی ادویہ کی فہرست کے مطابق، انسانی پلازما میں موجود مادوں کو الگ کرنے سے پہلے اس میں Hepatitis B سطحی Antigen، Hepatitis C وائرس RNA اور HIV اینٹی باڈیز کیلئے لازمی طور پر جانچ کی جاتی ہے۔ وزارت نے مزید کہا کہ مجوزہ ترمیم کا مقصد، مریضوں کی سلامتی سے متعلق معیارات کو یقینی بنانا ہے۔×

ISI AGENT NABBED

اتر پردیش کے دہشت گردی مخالف دستے ATS نے پاکستان کی خفیہ ایجنسی انٹر سروسز انٹیلی جنس ISI کیلئے مبینہ طور پر جاسوسی کرنے کی بنا پر بحریہ کے 24 سالہ اہلکار کو گرفتار کیا ہے۔ ایک اخباری بیان میں ATS نے کہا ہے کہ اُسے یہ خفیہ جانکاری ملی تھی کہ ایک شخص پاکستان کی ISI کے ایک ایجنٹ کے رابطے میں ہے اور وہ حساس جانکاری فراہم کررہا ہے۔ مشتبہ شخص کی شناخت ہوگئی ہے، وہ آگرہ کا رہنے والا آدرش کمار عرف لکی ہے، جو کیرالہ کے کوچی میں جنوبی بحریہ کمان میں ایک لانس نائک کے طور پر متعین تھا۔×

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆